محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

ٹینڈر نوٹس نمبر (CB-14-2023-24)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لئے چاول باسمتی سپر بابت مالی سال 24-2023 جسکی تفصیل / عرصہ ضروریات جدول میں درج ہے کی فراہمی کے لئے جیل گیٹ پنچ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران وغیر رجسٹرڈ شدہ، ملز (شیلر) مالکان، ڈیلرز، ہول سیلرز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ لائسنس یافتہ بااختیار ڈیلرز حصہ لے سکتے ہیں چاول باسمتی سپر کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ ٹینڈر دہندگان برطابق سیمپل مال سپلائی کریں گے۔ تمام ٹینڈر دہندگان زر شمولیت جو کہ کل تخمینہ لاگت کا 2% جسکی تفصیل ذیل میں درج ہے نیز Bidding Documents اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دی گئی ہے کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ٹینڈر دہندگان چاول باسمتی سپر کے نرخ کسی ایک یا زائد ریجن یا تمام پنجاب کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں۔ تمام ٹینڈر دہندگان بشمول محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران اور غیر رجسٹرڈ شدہ، ملز (شیلر) مالکان، ڈیلرز و ہول سیلرز ٹینڈر فارم (Bidding Documents) میں طلب کردہ تمام دستاویزات اپنی ٹیکنیکل بڈز کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہونگے کاغذات مکمل نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل بنیاد پر Disqualify کر دیا جائے گا۔

(بابت مالی سال 24-2023)

نمبر شمار	نام اشیاء	لاہور ریجن	فیصل آباد ریجن	سرگودھا ریجن	راولپنڈی ریجن	ساہیوال ریجن	ملتان ریجن	ڈی جی خان ریجن	بہاولپور ریجن	کل مقدار (کلوگرام)	کل تخمینہ لاگت	کل زر شمولیت
1	چاول باسمتی سپر	84700	27600	18600	41200	14100	17500	9700	13600	227000	-----	-----
	اوسط تخمینہ لاگت	22869000	7452000	5022000	11124000	3807000	4725000	2619000	3672000	-----	61290000	-----
	زر شمولیت 02%	467400	149050	100450	222500	76150	94500	52400	73450	-----	-----	1235900

نوٹ:- مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق کی گئی ہے اس میں بیشی برطابق پیپر اولز ہو سکتی ہے۔

شرائط:

1. تمام اشیاء کے ٹینڈر پیپر اول (a)(2)38 کے تحت ایک پیکٹ میں دو لفافے جن میں ایک پر ٹیکنیکل پروپوزل اور دوسرے پر فنانشل پروپوزل درج ہوگا وصول کیے جائیں گے اصل زر شمولیت بصورت CDR کل تخمینہ لاگت کا 02% کے مساوی ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی اور CDR کی فوٹو کاپی فنانشل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔
2. تمام ٹھیکیداران سربمہر لفافے ٹینڈر بکس میں مورخہ 20.05.2024 دن 11:00 بجے تک ڈالیں گے۔ پرچیز کمیٹی تمام ٹینڈر دہندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 11:30 بجے دن ٹیکنیکل پروپوزل کھولیں گی۔
3. سربمہر ٹینڈر بکس اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے دفتر میں روز اشاعت سے رکھ دیا جائے گا۔
4. نیز لفافوں پر واضح طور پر جلی حروف میں ریجن یا تمام پنجاب لکھا ہوا ہونا چاہیے۔
5. ٹینڈر کے ہمراہ متذکرہ اشیاء کی زر شمولیت تخمینہ لاگت کا 02% حساب بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی قومی شیڈول بنک کی بنی ہوئی ہو بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب دینا ضروری ہے۔
6. ٹینڈر فارم بعوض -/1000 روپے فی فارم زیر دستخطی کے دفتر سے روز اشاعت سے دفتری اوقات کار میں مورخہ 20.05.2024 تک مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے خرید کیے جاسکتے ہیں نیز اگر ہر ریجن کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم دینا مقصود ہو تو ہر ٹینڈر کے ساتھ ٹینڈر کی رسید لف کرنا ہوگی۔
7. بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات و فیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعد از معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہوگی۔ تمام اشیاء کی فراہمی جس کی شرح و تفصیل اوپر درج کی گئی ہے پاکستان خالص خوراک کے رولز 1965 ترمیم شدہ 2011 اور پنجاب خالص خوراک ضابطہ کار 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے۔ وہ فرمز / برانڈ جسکو پنجاب فوڈ اتھارٹی یا کسی بھی سرکاری ادارے نے Blacklist کیا ہے وہ ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکتے۔
8. گذشتہ مالی سال میں ٹھیکہ کے مطابق مال سپلائی نہ کرنے اور غیر معیاری اشیاء سپلائی کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹینڈر دہندگان کو مالی سال 24-2023 کے ٹینڈر میں حصہ لینے سے روکا جاسکتا ہے۔
9. مندرجہ بالا آئٹمز کی فراہمی Punjab Pure Food Regulation, 2018 اور دیگر متعلقہ Parameters کے عین مطابق ہونی چاہیے جسکو باقاعدہ لیبارٹری یا متعلقہ محکمہ سے چیک کروایا جائیگا ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری بذمہ ٹینڈر دہندگان ہوگی۔
10. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ فرم کو منظوری کے بعد تین (03) یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہوگا۔ بعد از معاہدہ 10 دن کے اندر اندر انسپکشن کروانے کا پابند ہوگا۔ انسپکشن ڈھیر کی صورت میں ہوگی اور انسپکشن میں ناکامی کی صورت میں آفر منسوخ کر دی جائے گی اور زر شمولیت ضبط کر لی جائے گی۔
11. کامیاب ٹینڈر دہندگان بعد از معاہدہ مال کی سپلائی بکشت دینے کے پابند ہونگے تاہم نیا ٹھیکہ نہ ہونے کی درمیانی مدت کے دوران برطابق ضرورت محکمہ ہذا کامیاب ٹینڈر دہندگان سے طے شدہ شرائط و ضوابط اور منظور شدہ نرخ کے مطابق سپلائی کرنے کے پابند ہونگے۔ ناکامی کی صورت آفر منسوخ کر دی جائے گی اور برطابق پیپر اولز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
12. منظور شدہ آئٹمز کی انسپکشن ہیڈ آفس کی جانب سے مقررہ کردہ جگہ پر کروانی ہوگی۔ ترجیحاً ریجنل لیول کی منظور شدہ آئٹمز کی انسپکشن متعلقہ ریجنل ہیڈ کوارٹر اور آل پنجاب آئٹمز کی انسپکشن لاہور یا دیگر موزوں جگہ جو کہ ہیڈ آفس مقرر کرے وہاں کروانی ہوگی
13. وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری مفاد میں برطابق پیپر اولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔
14. بوری (جیوٹ) وغیرہ ناقابل واپسی ہونگے۔
15. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار / فرم کو پیپر اول 56 کے تحت ٹھیکہ مالیت کے 05% کے مساوی Performance Guarantee بصورت CDR جمع کروانا لازمی ہوگا۔
16. ٹینڈر دہندہ اگر چاول کا سیمپل اپنی ٹیکنیکل بڈ کے ساتھ دینا چاہے تو پرچیز کمیٹی اپنی نگرانی میں ٹھیکیدار کی چاول کی Consignment سے خود لے گی اور سیمپل لیب سے پاس نہ ہونے کی صورت میں زر شمولیت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔
17. کامیاب ٹینڈر دہندہ کے چاول کے سیمپل سپلائی سے پہلے متعلقہ لیبارٹریوں کو بھجوائے جائیں گے اور سیمپل محکمہ کے طے کردہ معیار اور لیب سے پاس ہونے کی صورت میں سپلائی لی جائے گی جبکہ سیمپل لیب سے پاس نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف PPRA قوانین کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس کی Performance Guarantee بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔
18. تمام مروجہ ٹیکسز اور اسٹیمپ ڈیوٹی کی ادائیگی بذمہ فراہم کنندہ فرم / ٹھیکیدار ہوگی۔
19. ٹینڈر میں دی گئی اشیا کی مکمل تصریحات (Specifications) نقل (Bidding Documents) مقدار اور زر شمولیت و دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ (www.prisons.punjab.gov.pk) پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:-

1۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 042-99200465-66 2۔ ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473

3۔ واٹس ایپ کمپلینٹ نمبر 0326-0923988

4۔ مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042-99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(میاں فاروق نذیر)

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

CamScanner